ایس و پی برائے تعمیر نئی بلڈنگ یا موجودہ بلڈنگ میں اضافہ / مرمت

1۔گھر کی تعمیر، اضافہ و مرمت کے دوران تعمیراتی سامان اپنے پلاٹ / مکان کے اندر رکھیں۔ بحالت مجبوری ساتھ والے صرف ایک خالی پلاٹ میں (اگر موجود ہو) پلاٹ مالک کی اجازت سے رکھیں۔ ارد گرد کے سارے پلاٹوں میں نہ پھیلایا جائے اور گلی و سڑک پہ کسی قسم کی رکاوٹ یا تجاوز سختی سے ممنوع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں یومیہ -/1000 روپے جرمانہ ہو گا۔

2۔ تعمیراتی مصالحہ اپنے پلاٹ کی حدود میں بنایا جائے۔ اس کے لئے سڑک کو ہرگز استعمال نہ کیا جائے اور نہ ہی کسی قسم کا تعمیراتی سامان سڑک پر اور نہ ہی ریمپ پر رکھا جائے۔ ورنہ یومیہ -/1000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

3۔ تعمیراتی سامان لے کر آنے والی گاڑیوں سے کسی بھی قسم کا نقصان سوسائٹی کا (بجلی، پانی، گیس، سیوریج اور سڑک وغیرہ) ہوا تو مکان مالک اس کی مرمت اور تعمیر کا خرچہ فوری ادا کرے گا اور اسکے علاوہ مکان مالک کو مبلغ -/10,000 روپے جرمانہ بھی کیا جائے گا۔

4۔ سوسائٹی نے سڑکوں کے ساتھ درخت لگائے ہوئے ہیں۔ گھر بناتے ہوئے انہیں بلا اجازت کسی قسم کا نقصان نہ پہنچایا جائے اور نہ ہی کاٹا جائے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/10,000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

5۔مالک مکان (سوسائٹی ممبر) کے لیے لازمی ہے کہ:-

- مکان / عمارت کی تعمیر، اضافہ و مرمت سے قبل سوسائٹی بائی لاز کے مطابق نقشہ اولا" سوسائٹی انتظامیہ سے منظور کروائے اور اس کے بعد LDA سے باضابطہ منظور کروائے۔
- LDA سے منظور شدہ نقشہ کی کاپی سوسائٹی آفس میں جمع کروانا لازمی ہو گی۔
- مکان / عمارت کی تعمیر، اضافہ و مرمت ایل ڈی اے (LDA) سے منظور شدہ نقشہ کے مطابق کی جائے سوسائٹی کا عملہ دوران تعمیر کسی بھی وقت چیک کرے گا اور نقشہ کے مطابق نہ ہونے والے کام کو روک دے گا۔
- تعمیراتی کام شروع کرنے سے پہلے سوسائٹی کے دفتر سے دوبارہ منظور شدہ خاکہ اور منظوری کے دستخط حاصل کیا جانا لازمی ہے۔
- کسی بھی غیر مجاز تعمیر کے ازالہ کی تمام ذمہ داری صرف مالک مکان کی ہو گی۔

6۔عمارت کے Waste Water کے لیے Septic Tank بنانا لازمی ہے۔ سیوریج کا کنکشن مین ہول کے ساتھ گھر تعمیر مکمل ہونے کے بعد سوسائٹی آفس سے تحریری اجازت لینا لازمی ہے۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

7۔گھر کی تعمیر اور گھر کے لیے پانی کا کنکشن سوسائٹی دے گی اور اس کی فیس مبلغ -/70,000 روپے ہو گی۔ گھر کی تعمیر کے لیے بور کرنا ممنوع ہے۔

8۔ ریمپ صرف پانچ فٹ (5ft) تک بڑھایا جائے گا۔ گھر کے باہر سڑک اور دیوار کی درمیانی جگہ کا لیول سڑک سے ایک انچ نیچے رکھا جائے تاکہ پانی سڑک پر نہ رکے اور سڑک نقصان سے محفوظ رہے۔ پانچ فٹ سے زیادہ اور اونچی سطح والی ریمپ توڑ دیا جائے گا۔

9۔ سڑک کے کنارے کالر پر پتھر، اینٹیں، گملے، پودے، باڑ یا اینٹ کی کنگری بنانا ممنوع ہے۔

10۔ پانی ایک نعمت ہے اسے ضائع مت کریں اور اردگرد پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ ماحول کو صاف ستھرا رکھیں اور مچھر مار سپرے لازمی کریں۔

11۔ (Soakage Pit) غرقی کی تعمیر ممنوع ہے۔

12۔ تعمیراتی سامان کی نقل و حمل:۔

- تمام تعمیراتی سامان گیٹ نمبر 2، بلاک A-اور B، شاہراہ نظریہ پاکستان مین روڈ والی سائیڈ سے داخل ہو گا اور گیٹ نمبر 3 بلاک-C کے مین گیٹ سے داخل ہو گا۔
- آٹھ (8) ویلر یا اس سے بڑا ٹرک کا داخلہ ممنوع ہے۔ خلاف ورزی پر مبلغ -/50،000 روپے جرمانہ ہو گا۔

13۔ ماسوائے ایک چوکیدار کے کسی مزدور کو زیر تعمیر گھروں میں رات کے وقت رہنے کی اجازت نہیں ہے۔

14۔ شام 6.00 بجے کے بعد کسی قسم کا تعمیراتی کام و کھدائی کرنے کی اجازت نہیں ہے اور بروز اتوار کام کرنے کی اجازت نہ ہو گی۔

15۔ کمرشل پلازہ کے ہر دفتر کی حد کو صرف پارکنگ کی مخصوص جگہ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ دوسرے علاقوں، کھلی جگہوں یا رہائشی یونٹ کے سامنے پارکنگ کی اجازت نہیں ہے۔ کمرشل پلازہ کے سامنے پارکنگ کے علاقے کے مطابق، 1 سے 3 گاڑیوں کی پارکنگ کی اجازت ہے اس کے علاوہ کسی بھی قسم کی مزید گاڑی / کار / موٹر سائیکل پارک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

16۔ بارش کے پانی (Rainy Water) کے لیے ہر رہائشی ممبران اپنے گھر میں Recharge Well تعمیر کرے گا جس کا ڈیزائن (Design) سوسائٹی دے گی۔ اس کے بغیر Shifting / Completion Certificate نہیں ملے گا۔

17۔ سوسائٹی عملہ سے تعاون کریں۔ آپ کے تعاون سے ہم سوسائٹی کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore